# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 08 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ گھریلو استعمال کے گیس سلنڈر کی قیمت میں 50 روپئے کا اضافہ؛ ایندھن کی قیمتوں پر قرطاسِ ابیض جاری کرنے کا کانگریس کا مطالبہ۔

☆ سائبر جرائم پر قابو پانے کیلئے تجربہ گاہوں کے جال کو مضبوط بنانے کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت۔

☆ عالمی یومِ صحت کے موقع پر دھاراشیو ضلع کی تپِ دِق سے پاک 50 گرام پنچایتوں کو نقرئی تمغے۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں درجۂ حرارت میں نمایاں اضافہ؛ چھترپتی سمبھا جی نگر‘ جالنہ اور بیڑ اضلاع میں چند ایک مقامات پر آج بارش کا امکان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی حکومت نے گھریلو استعمال کے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 50 روپئے اضافہ کردیا ہے۔ اب اُجولا یوجنا سے فائدہ اٹھانے والے صارفین کو یہ گیس سلنڈر 550 روپئے میں جبکہ دیگر عام صارفین کو 853 روپئے میں ملے گا۔ پیٹرولیم کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کل نئی دہلی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ نئی قیمتیں آج سے نافذ العمل ہوں گی۔

حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی میں بھی دو روپئے فی لیٹر اضافے کا اعلان کیا ہے۔ تاہم پیٹرولیم وزیر کے مطابق اس اضافے کا عام شہریوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا کیونکہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے پیٹرولیم کمپنیاں کم قیمت پر خام تیل خرید رہی ہیں۔ جس کے نتیجے میں صارفین کو پیٹرول کی قیمت میں اضافے کا یہ بوجھ محسوس نہیں ہوگا۔

دریں اثناء‘ کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں کم ہونے کے پیشِ نظر حکومت کو پیٹرول اور ڈیزل پر ٹیکس کو کم کرنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت فی لیٹر 51 روپئے اور ڈیزل کی قیمت فی لیٹر 41 روپئے کی جائے۔ کل ممبئی میں اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ایندھن کی قیمتوں پر قرطاسِ ابیض جاری کرے۔

***** ***** *****

بین الاقوامی یوگا دِن کے پیشِ نظر اوڈیشہ کے بھونیشور میں مرکزی آیوش وزارت کے تحت مرار جی دیسائی یوگا انسٹیٹیوٹ کے 75 روزہ یوگا مہوتسو کا کل سے آغاز ہوا۔ اس کا افتتاح مرکزی وزیر برائے صحت و خاندانی بہبود پرتاپ راؤ جادھو نے کیا۔ اس موقع پر وزیرِ موصوف نے اس مہوتسو کے درپردہ مقاصد کی وضاحت کرتے ہوئے کہا:

Byte: Prataprao Jadhav

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ریاست میں غیر موسمی بارش کے باعث متاثر کسانوں کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے انشورنس اور دیگر اسکیموں کے تحت مالی امداد فراہم کی جارہی ہے اور یقین دہانی کروائی کہ ریاستی حکومت کو مزید مالی امداد درکار ہو تو وہ بھی فراہم کی جائیگی۔کل نندوربار میں زرعی سائنس مرکز میں ''زرعی سائنس منڈپم'' اور ''ویمن ٹکنالوجی پارک'' کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی و ریاستی حکومتوں اور عوام کی شراکت سے زراعت و دیہی ترقیات کے محکمے کی اسکیموں کے ذریعے غربت کے خاتمے کیلئے خصوصی پروگرام چلائے جائیں گے۔

***** ***** *****

سائبر جرائم پر قابو پانے کیلئے وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے متعلقہ اداروں کو لیبارٹری نیٹ ورک کو مستحکم بنانے کی ہدایت کی ہے۔جنوبی ممبئی شعبے کے نر بھیا سائبر تجربہ گاہ کا افتتاح کل وزیرِ اعلیٰ نے کیا۔اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ موجودہ دور سائبر جرائم کا ہے' اس لیے پولس مشنری کو جدید ترین ٹکنالوجی سے ہم آہنگ ہونا ضروری ہے' کیونکہ مستقبل میں جرائم کا ارتکاب کرنے والے جدید ٹکنالوجی سے ہم آہنگ ہوں گے اور ان سے نمٹنے کیلئے پولس کو بھی ڈیجیٹل ٹکنالوجی کی مکمل آگاہی ضروری ہوگی۔اس کے علاوہ بہترین اور جدید ترین ٹکنالوجی سے آراستہ تجربہ گاہیں نہایت اہمیت کی حامل ہوں گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت معذور افراد کو معاشی طور پر خود کفیل بنانے کیلئے کوشاں ہے اور انھیں مہارت کی تربیت' روزگار اور خود روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔وہ کل ممبئی میں معذور افراد کے مسائل سے متعلق منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بدلاپور جنسی زیادتی معاملے کے ملزم اکشئے شندے کی موت کے سلسلے میں پانچ پولس اہلکاروں کے خلاف فردِ جرم عائد کرنے کا حکم ممبئی عدالتِ عالیہ نے دیا ہے۔علاوہ ازیں' عدالت نے اس معاملے کی تفتیش کیلئے ایڈیشنل کمشنر لکھمی گوتم کی زیرِ قیادت ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دینے کا بھی حکم جاری کیا۔

***** ***** *****

عالمی یومِ صحت کے سلسلے میں دھاراشیو ضلع کی تپ دق سے پاک 50 گرام پنچایتوں کو چاندی کے تمغے دیکر استقبال کیا گیا۔ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹیو آفسر ڈاکٹر میناک گھوش کی زیرِ صدارت یہ استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی۔

اسی دوران دھاراشیو ضلع کے سرکاری میڈیکل کالج کی عمارت کیلئے حکومت نے 403 کروڑ نواسی لاکھ روپئے کے تخمینے کو انتظامی منظوری دے دی ہے۔رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے یہ اطلاع دی۔انھوں نے بتایا کہ میڈیکل کالج اور اس کی ذیلی عمارتیں مجموعی طور پر آٹھ لاکھ 26 ہزار مربع فٹ پر تعمیر کی جائیں گی اور بہت جلد اس کے ٹینڈر جاری کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

پونا کے دینا ناتھ منگیشکر اسپتال میں علاج کیلئے داخل کی گئی حاملہ خاتون کی موت کیلئے اسپتال کو ہی ذمہ دار قرار دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں قائم کردہ تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ میں یہ انکشاف کیا گیا۔ ریاستی کمیشن برائے خواتین کی سربراہ روپالی چاکنکر نے یہ اطلاع دی۔ کل پونا میں پولس کمشنریٹ میں ایک اجلاس کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اجلاس میں پولس کمشنر کی موجودگی میں اسپتال کے معاملات کا جائزہ لیا گیا اور تفتیشی رپورٹ میں یہ بات سامنے آئی کہ اسپتال نے کاہلی کا مظاہرہ کیا۔ متاثرہ خاتون کا اس اسپتال میں علاج جاری تھا' اس کے باوجود جب وہ دوبارہ اسپتال پہنچی تو اسے شریکِ اسپتال نہیں کیا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ اس خصوص میں زچگی سے متعلق موت کی تفتیشی کمیٹی اور چیریٹی کمشنر کی رپورٹ آنے کے بعد اسپتال کے خلاف مناسب کارروائی کی جائیگی۔ اسی دوران' دینا ناتھ اسپتال کے ڈین ڈاکٹر دھننجے کیڑکر نے بھی کل صحافیوں سے بات چیت کی۔ انھوں نے بتایا کہ اس معاملے میں متعلقہ ڈاکٹر سُوشرت گھیساس نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ آئندہ جمعرات تک انھیں خدمات سے سبکدوش کر دیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ مریضوں اور ان کے رشتہ داروں سے پیشگی رقم لینے کی پالیسی اسپتال نے منسوخ کر دی ہے اور مریضوں کے ساتھ حساس رویہ اختیار کرنے کی تمام عملے کو تربیت دی جائے گی۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن کے کمشنر بابا صاحب منوہرے کو مزید علاج کیلئے ایئر ایمبولنس کے ذریعے کل ممبئی منتقل کیا گیا۔ معالجین کے مطابق لاتور میں ان کا ابتدائی علاج ہوا اور اب ان کی حالت اب خطرے سے باہر ہے۔ منوہرے نے گھریلو تنازعے کے سبب کو خود کو گولی مار کر خودکشی کی کوشش کی تھی۔

***** ***** *****

غیر متعدی بیماریوں پر قابو پانے کے قومی پروگرام کے تحت پربھنی ضلع میں 30 اپریل تک سرطان کی تشخیص کی مہم چلائی جارہی ہے۔ اس کیلئے تحصیل اور دیہی سطح پر موبائل کینسر اسکریننگ وین کے ذریعے صحت کیمپ منعقد کیے جارہے ہیں۔ صحت عامہ محکمے نے زیادہ سے زیادہ مریضوں سے اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ''کلکٹر تحصیل کے دروازے پر'' مہم کے تحت کل کئی شہریوں کے مسائل فوری طور پر حل کیے گئے۔ راشن کارڈ' سماجی مالی امدادی اسکیم' قطعۂ اراضی کے پیمائش کے زیرِ التواء معاملات اور زمینوں کے تبادلے جیسے مسائل ان میں شامل ہیں۔

***** ***** *****

اپنے حق کا معلّنہ مشاہرہ دینے کے مطالبے پر گرام روزگار سیوکوں نے بیڑ ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو کل مظاہرہ کیا۔ گرام روزگار سنگھٹنا کی جانب سے معلّنہ اس دھرنے میں سینکڑوں گرام روزگار سیوکوں نے حصہ لیا۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت آکولہ میں 43 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں پربھنی اور بیڑ میں اوسطاً 42' چھترپتی سمبھاجی نگر میں 41' ناندیڑ میں 40.5' اور دھاراشیو میں 39 ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر' جالنہ اور بیڑ اضلاع میں آج چند ایک مقامات پر بارش کے امکان کا اظہار دفترِ موسمیات نے کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ گھریلو استعمال کے گیس سلنڈر کی قیمت میں 50 روپئے کا اضافہ؛ ایندھن کی قیمتوں پر قرطاسِ ابیض جاری کرنے کا کانگریس کا مطالبہ۔

☆ سائبر جرائم پر قابو پانے کیلئے تجربہ گاہوں کے جال کو مضبوط بنانے کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت۔

☆ عالمی یومِ صحت کے موقع پر دھاراشیو ضلع کی تپِ دِق سے پاک 50 گرام پنچایتوں کو نقرئی تمغے۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں درجۂ حرارت میں نمایاں اضافہ؛ چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور بیڑ اضلاع میں چند ایک مقامات پر آج بارش کا امکان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****